1989ء سے مسلسل اشاعت | 19 تا 25 اگست 2022 | شمارہ نمبر 34 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس

کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD
ExcelPro
MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY
a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak
CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے



# نیو یا برانڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر: کسٹم اپیل کے فیصلے کالعدم

## کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے 35 درآمد کنندگان کی 18 اپیلیں منظور کرلیں، چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا کی امپورٹرز کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کسٹم اپیلٹ ٹریبونل بنچ I کے ممبر عبدالجبار قریشی نے 35 ایک جیسی اپیلوں پر اپنا فیصلہ دیتے ہوئے کسٹم اپیل کے فیصلوں کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔ 16 اگست کو اپنے دیئے گئے فیصلے میں کسٹم اپیل کی جانب سے ان درآمد کنندگان کے خلاف نیو یا رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن کے حوالے سے فیصلے دیئے تھے اور کہا تھا کہ پوسٹ کلیرنس آڈٹ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ درآمد کنندگان نے اس کو غلط ایچ ایس کوڈ کے ذریعے کلیئر کرا کر چین سے دستخط ہونے والے ایف ٹی اے کا فائدہ اٹھایا ہے اور 4 فیصد کم کسٹم ڈیوٹی یعنی 20 کے بجائے 16 فیصد ادا کی ہے۔ جس کے خلاف ان امپورٹرز نے کسٹم اپیلٹ ٹریبونل میں اپیلیں دائر کی تھیں جو منظور کر لی گئی۔ جن درآمد کنندگان کی اپیلیں منظور ہوئی ہیں ان کے نام یہ ہیں۔ یوسف اینڈ کو، جی ایم انٹرنیشنل، بلال ٹریڈرز، لطیف سنز، یونیکو پرنٹرز، واحد ایسوسی ایٹس (کراچی)، النور ٹریڈرز، نیاز پیپر مارٹ، (لاہور)، حسن انٹر پرائزز، اے این ایم ٹریڈنگ کو، کریم ایسوسی ایٹس، صائمہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ، جلال انٹر پرائزز، فائیو اسٹار پیپر مارچنٹ ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، ایسٹ مین ایجنسیز، کوئک پروسس، ٹی جی برادرز، پری ٹریڈرز، بیز ئیر اینڈ کمپنی، دی ٹائم پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، سیل ویل سروسز، ایم کامل سنز پرائیویٹ لمیٹڈ، بیز ئیر اینڈ کمپنی، اے بی سعید پرائیویٹ لمیٹڈ، ٹی جی برادرز، احمد کارپوریشن، زین انٹرنیشنل، رابعہ ٹریڈرز، حسن انٹر پرائزز، اپیل پیپر پروڈکٹ پرائیویٹ لمیٹڈ، زین انٹرنیشنل (کراچی)، حماد برادرز (لاہور) حسن انٹر پرائزز، اسپوٹ لٹ پرنٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ، ایچ اینڈ جے کارپوریشن (کراچی)۔ دریں اثنا چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے تمام امپورٹرز کو اس حق کی فتح پر مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ وہ اور ان کی فرم آئی بی ایم پیپر ٹریڈرز کے حقوق کے لیے اپنا تعاون جاری رکھے گی اور انہیں ہر قسم کا تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پیپر ٹریڈرز کے اتحاد سے آئندہ بھی ٹریڈ دشمنوں کو شکست دیتے رہیں گے۔

# لاہور: فلوٹنگ اور لائنر پیپر کی قیمتوں میں 10 روپے کلو اضافہ

گوجرانوالہ (پیپر بزنس نیوز) شاہین گتہ فیکٹری گوجرانوالہ نے اپنے فلوٹنگ پیپر کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان کیا ہے۔ ایک اعلامیہ کے مطابق واپڈ کے بجلی کے نرخوں میں انتہائی اضافہ، مینٹی نینس کے بڑھتے ہوئے چارجز، لیبر کاسٹ اور فیول کی انتہائی شارٹیج کی وجہ سے مشترکہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ سپر فلوٹنگ ریٹ 97 روپے اور فلوٹنگ لائنر ریٹ 93 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ بصورت دیگر صنعت کو ایک مہینے کے لئے بند کرنا پڑے گا کیونکہ نقصان میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اسی طرح گوجرانوالہ پیپر اینڈ بورڈ ملز پرائیوٹ لمیٹڈ نے ایک پبلک نوٹس کے ذریعے 11 اگست 2022 سے اپنی پروڈکٹ سپر فلوٹنگ کی قیمتوں میں 10 روپے کا اضافہ کر دیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق موجودہ حالات کے بعد سے، گجرانوالہ پیپر بورڈ ملز پرائیویٹ لمیٹڈ نے بجلی، گیس، توہ، ردی، پیٹرول کے لیے مسلسل بڑھتے ہوئے اخراجات دیکھے ہیں جس نے ہمارے صارفین کو سروس فراہم کرنے کی لاگت کو متاثر کیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ یہ اضافہ آپ کو بہترین مصنوعات اور خدمات فراہم کرنے کے اپنے عزم کو یقینی بنانے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ ہم آپ کے تعاون اور کاروبار کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ فیکٹری کا ریٹ سپر فلوٹنگ -/100 روپے فی کلو ہوگا۔ مزید برآں قرطاس پیپر بورڈ ملز پرائیوٹ لمیٹڈ نے اپنے سپر فلوٹنگ پیپر کی قیمتوں میں 10 روپے کلو اضافے کا اعلان کیا ہے۔

# ایف بی آر کی پاک چین فری ٹریڈ معاہدہ پر نظر ثانی کی خبروں کی تردید

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے پاک چین فری ٹریڈ معاہدے پر نظر ثانی کے حوالے سے خبروں کی تردید کی ہے اور کہا ہے کہ چین پاکستان ایف ٹی اے کے دائرہ کار میں کوئی نئی چیز شامل نہیں کی گئی جیسا کہ خبروں میں کہا گیا ہے کہ چین سے اشیاء کی درآمد پر کسٹم ڈیوٹی کی رعایتی شرح یا صفر فیصد ڈیوٹی والی اشیاء کی فہرست میں مزید توسیع کر دی ہے، پاکستان کسٹمز ٹیرف ہم آہنگ نظام پر مبنی، پانچ سال بعد ایک بار ترامیم کی جاتی ہیں، SRO.1181(I)/2022 کے تحت چین پاکستان آزاد تجارتی معاہدہ سے متعلق SRO میں متعارف کرائی گئی تمام ترامیم صرف درجہ بندی سے متعلق کی گئی تبدیلیاں ہیں جو عالمی سطح پر متعارف کرائی گئیں، ورلڈ کسٹمز آرگنائزیشن کے (ہم آہنگ نظام) ہارمونائزڈ سسٹم HS-2022 ورژن کے ذریعے متعارف کروائی گئی ترامیم کو شامل کرنے کیلئے کی جانیوالی ٹیرف ردوبدل مشق کا نتیجہ ہیں، پاکستان کسٹمز ٹیرف بنیادی طور پر ہم آہنگ نظام پر مبنی ہے، جو ورلڈ کسٹمز آرگنائزیشن کی طرف سے تیار کردہ جو ایک ملتی پرپز سامان پر مشتمل نام ہے، تجارت کے عالمی افق پر وقتاً فوقتاً رونما ہونیوالی اہم سائنسی، تکنیکی اور دیگر تجارتی نمونوں سے متعلق تبدیلیوں کو منظم کرنے کیلئے ورلڈ کسٹمز آرگنائزیشن کے ذریعے عام طور پر اس ہم آہنگ نظام میں ہر پانچ سال میں ایک بار ترامیم کی جاتی ہیں۔

## مس ڈیکلیریشن پر کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کا درآمد کنندہ کیخلاف فیصلہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ ایک مقامی امپوٹررز نے گزشتہ دنوں ری سائیکل پیپر/مکینیکل پیپر ظاہر کر کے آفسیٹ پیپر کلیئر کرایا تھا جس پر پوسٹ کلیرنس آڈٹ نے شوکاز نوٹس جاری کیا تھا اور ایڈ جوڈیکیشن نے درآمد کنندہ کے حق میں فیصلہ دے دیا تھا جس کے خلاف کسٹم اپیلٹ ٹریبونل میں کسٹم نے اپیل دائر کی تھی۔ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے ایڈ جوڈیکیشن کا فیصلہ کالعدم کر دیا ہے جس کے بعد کسٹم نے ڈیمانڈ کی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے اور امکان ہے کہ جلد ہی انہیں ڈیمانڈ جاری ہو جائے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اردو بازار لاہور-انتخابات کی کہانی

محمد جمال الدین افغانی نومنتخب سیکرٹری نشر واشاعت
انجمن تاجران اردو بازار لاہور

کئی ماہ کی انتھک محنت اور جدوجہد کے بعد اردو بازار میں جمہوری عمل کا تسلسل بحال ہوا اور 13 اگست کو چیف الیکشن کمشنر الیکشن 2022 جناب اظہر ثقلین بھٹی نے تین گروپوں کے نمائندوں پر مشتمل پینل کو کامیاب قرار دیا- اس طرح سے انجمن تاجران اردو بازار لاہور کی نومنتخب یونین کے عہدیداروں کا انتخاب مکمل ہوا- اس ساری جدوجہد پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہیں- اردو بازار کے چار گروپوں انصاف گروپ، لائنز گروپ، تاجر دوست گروپ اور ٹیکسٹ بکس پبلشرز ایسوسی ایشن نے مشترکہ جدوجہد پر اتفاق رائے ہوا اور نئے الیکشن کمشنر کے لیے تاج گروپ اور سابقہ صدر سے ملاقات کی- اس ملاقات میں انکشاف ہوا کہ خالد پرویز صاحب نے 2021 میں 15 اگست بروز اتوار اور 6 محرم کو الیکشن کرایا اور اس الیکشن کے الیکشن کمشنر تاج گروپ کے اہم ترین رکن ساجد نسیم تھے- اس پر تمام بازار میں جگ ہنسائی ان کا مقدر ٹھہری- خالد پرویز نے کہا کہ الیکشن 2024 میں ہوں گے- اردو بازار کے تمام معزز تاجران کو جنرل کونسل اجلاس میں بلایا گیا اور تاج گروپ کو بھی دعوت دی گئی کہ وہ بھی چیف الیکشن کمشنر کے لیے نام دیں لیکن انھوں نے جنرل کونسل اجلاس میں شرکت نہ کی- چاروں گروپوں نے اپنے اپنے نام بند لفافے میں دیے جو اردو بازار کے معزز تاجران کی موجودگی میں کھولے گئے اور ان ہی میں سے چار لوگوں نے پڑھ کر سنائے- دو گروپوں نے اظہر ثقلین بھٹی کا نام پیش کیا گیا تھا اس طرح سے انھیں بازار کے معزز تاجران کی موجودگی میں چیف الیکشن کمشنر بنایا گیا- چیف الیکشن کمشنر نے انتہائی محنت، دلچسپی اور لگن سے پورے بازار کے ہر وارڈ میں اپنے نمائندے بھیج کر ووٹرز لسٹ پر کام کیا- تین گروپوں نے الیکشن کے لیے رجسٹریشن کرائی- بازار کے لاتعداد مسائل کے پیش نظر تینوں گروپوں نے مشترکہ پینل تشکیل دیا- اس دوران سابقہ چیف الیکشن کمشنر جناب حاجی محمد حسین نے سابقہ الیکشن کا سارا سامان نئے الیکشن کمشنر کے سپرد کیا اور ان کو الیکشن کے مختلف مراحل کے حوالے سے رہنمائی کی- الیکشن کا مکمل شیڈول، ضابطہ اخلاق اور مختلف مواقع پر الیکشن کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری ہوتے رہے اور بازار میں تقسیم بھی ہوئے- اس طرح سے مکمل قانونی ضابطوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے 13 اگست جو کہ کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی آخری تاریخ تھی، لائنز گروپ کے پلیٹ فارم سے تین رجسٹرڈ گروپس کے نمائندوں پر مشتمل پینل نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے- چیف الیکشن کمشنر نے کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد لائنز گروپ کے پینل کو بازار کے معزز تاجران کے جم غفیر کے سامنے کامیاب قرار دیا- اس طرح سے انجمن تاجران اردو بازار لاہور کا الیکشن 2022 کا پورا عمل انتہائی شفاف، غیر جانبدار اور قانونی طریقے سے ایک منتخب چیف الیکشن کمشنر کی زیر نگرانی پایہ تکمیل تک پہنچا- اس ساری تفصیل کا مقصد بازار کے تمام معزز تاجران کو آگاہی دینا تھا تاکہ یہ ساری باتیں ریکارڈ پر رہیں- انجمن تاجران اردو بازار لاہور کے عہدیداروں کی تفصیل حسب ذیل ہے چیئرمین: فواز نیاز صدر: ابوذر غفاری گوہر سیکرٹری جنرل: جاوید اقبال سنیئر نائب صدر: چوہدری ریاض محمود نائب صدر: میاں فیصل جوائنٹ سیکرٹری: میاں زاہد رشید سیکرٹری نشر واشاعت: محمد جمال الدین افغانی سیکرٹری فنانس: سید عابد محبوب جناب شاہد محمود ڈوگرا ایگزیکٹو کونسل کی سربراہی کے فرائض انجام دیں گے- ان شاءاللہ کچھ دنوں تک نومنتخب انجمن تاجران اردو بازار کے عہدیداروں کی تقریب حلف برداری ہوگی- جس میں تمام معزز تاجران کو دعوت دی جائے گی-

## حکومت نے تاجروں کے بجلی بلوں پر فکس ٹیکس 3 ماہ کیلئے موخر کردیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے ریٹیل اور دکانداروں سے بجلی کے بلوں کے ذریعے نافذ کیا جانے والا فکسڈ ٹیکس لینے کا فیصلہ تین ماہ کیلئے موخر کردیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ حکومت 30/ارب روپے مالیت کا ٹیکس جمع کرنے کے اقدامات سے دستبردار ہوگئی ہے اور اب حکومت کو یہی رقم جمع کرنے کیلئے دیگر ذرائع تلاش کرنا ہوں گے تاکہ آئی ایم ایف کے ساتھ کیے گئے وعدے کے مطابق بجٹ خسارہ پورا کرنے اور توازن کا بنیادی ہدف پورا کیا جا سکے۔ وفاقی وزیر برائے خزانہ مفتاح اسماعیل اور وزیر توانائی خرم دستگیر نے جمعرات 4 اگست 2022 کو تاجر رہنماؤں کے ساتھ مذاکرات کے بعد اس اقدام کا اعلان کیا۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت کے تحت حکومت نے ایک سال کیلئے ریٹیلرز سے فکسڈ ٹیکس لینے کا فیصلہ موخر کردیا ہے۔ تین ماہ بعد، حکومت ایک مرتبہ پھر تاجروں کے ساتھ مذاکرات کرے گی تاکہ اس ضمن میں موزوں نظام تیار کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال ایک ماہ قبل جو ٹیکس نظام چل رہا تھا اسی پر عمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ ٹیکس سسٹم آئندہ تین ماہ کیلئے جاری رہے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے تین ہزار سے دس ہزار روپے کا ماہانہ ٹیکس ختم کردیا ہے اور یہ ٹیکس بجلی کے استعمال شدہ یونٹس کو دیکھ کر بجلی کے بلوں کے ساتھ وصول کیا جانا تھا۔ ملک میں اس وقت لاکھوں ریٹیلرز کام کر رہے ہیں اور سیاسی تفریق سے ہٹ کر ہر حکومت بشمول فوجی حکومت ان ریٹیلرز کو تمام تر کوششوں کے باوجود ٹیکس کے دائرے میں لانے میں ناکام رہی۔ ہر مرتبہ مختلف ٹیکس اسکیمیں متعارف کرائی جاتیں اور فکسڈ ٹیکس لائے جاتے لیکن ریٹیلرز شٹر ڈاؤن کی دھمکیاں دے کر حکومت پر دباؤ ڈال کر ٹیکس اسکیمیں ختم کرا دیتے تھے۔ نون لیگ تاجروں کو اپنا حامی سمجھتی ہے لہٰذا ایک مرتبہ پھر یہ تاجر فکسڈ ٹیکس ختم کرانے میں کامیاب رہے۔ چونکہ حکومت نے اس ٹیکس کو بجٹ کا حصہ بنایا تھا اسلئے اب اس کے خاتمے کیلئے صدارتی آرڈیننس جاری کرنا ہوگا اور تین ماہ بعد اس میں ترمیم کی جائے گی۔ اس سلسلے میں ایف بی آر نے مذاکرات کے بعد اس کی کارروائی جاری کی ہے اس کا متن ذیل میں دیا جارہا ہے۔

## پاکستان آنے اور جانیوالے مسافروں کیلئے کسٹم ڈیکلیئریشن فارم بھرنا لازم

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف اے ٹی ایف کی شرائط، بیرون ملک سے آنے اور جانے والے مسافروں کو کرنسی ڈیکلیئریشن جمع کرانا لازم ہوگا، ڈیکلیئریشن میں ملکی اور غیر ملکی کرنسی کی تمام تفصیل دینا ہوگی، تفصیلات کے مطابق سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ایف اے ٹی ایف قوانین پر عملدرآمد کے لیے ہوائی سفر کرنے والے مسافروں پر پابندی عائد کی ہے سی اے اے کی جاری ہدایات کے مطابق اب پاکستان آنے اور جانیوالے مسافروں کو کسٹم ڈیکلیئریشن فارم لازمی بھرنا ہوگا۔ پاکستان آنے اور جانیوالے مسافروں کو کسٹم ڈیکلریشن فارم کے ساتھ کرنسی ڈیکلیئریشن کی تفصیل بھی دینا ہوگی۔



لاہور کے تاجروں کے ایک وفد نے گورنر پنجاب بلیغ الرحمن سے گزشتہ ہفتے ملاقات کی، اس موقع پر لیے گئے گروپ فوٹو میں لاہور پیپر مارکیٹ کے رہنما اور سابق صدر ذیشان سہیل ملک بھی شامل ہیں



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انڈونیشین قومی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں محمد سلیم بیکیا کی خصوصی شرکت










11 اگست 2022 کو انڈونیشین قومی دن کے سلسلے میں قونصل جنرل کراچی Dr. June Kuncoro Hadiningrat نے ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا، جس میں انڈونیشیا کے پیپر کی پاکستان میں سب سے بڑی انڈنٹنگ فرم ''انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ'' کے چیف ایگزیکٹو محمد سلیم بیکیا کو انڈونیشیا کے قومی پرچم کا سووینیئر اور دیگر تحائف پیش کئے جارہے ہیں، اوپر تصویر میں دائیں طرف صدر (انڈس یونیورسٹی) خالد امین شیخ، چیف ایگزیکٹو (ویسٹ بری گروپ پاکستان) رشید جان محمد اور بائیں جانب اہلیہ قونصل جنرل Mrs. Ani June Kuncoro بھی موجود ہیں۔ واضح رہے کہ 17 اگست کو انڈونیشیا کا قومی دن منایا جاتا ہے۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725


Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM
PAPERLINE
HI - GRADE
PREMIUM PAPER
A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM
80 GSM
PAPERLINE
HI-GRADE PREMIUM PAPER
A4
500 SHEETS
BRANDS ICON OF PAKISTAN
2010
Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2011-2012
IBM
ISO 9001.2015
CERTIFIED
FOR BOOKING CONTACT
INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com
A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# بجلی کی قیمتوں میں 3 ماہ بعد کمی آجائے گی، مفتاح اسمٰعیل کا کراچی چیمبر میں خطاب

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کہا کہ ہم نے 3 مہینے تک بجلی کی قیمتیں نہیں بڑھائیں تھیں کیونکہ بہت عرصے سے بجلی کی قیمتیں نہیں بڑھی تھیں اس لیے قیمتوں میں حالیہ اضافہ لوگوں کے لیے دھچکے کا باعث ہے، تاہم ہمیں یقین ہے کہ 3 ماہ بعد بجلی سستی ہوجائے گی، یہ ہمیں پہلے سے ہی معلوم ہے کہ 3 ماہ بعد کمرشل بنیادوں پر اس کی قیمتوں میں کمی آجائے گا۔ مفتاح اسمٰعیل نے کہا کہ ہماری معیشت کا دارومدار درآمدات پر مبنی ہے جبکہ یہ ماڈل ہمارے لیے موزوں نہیں رہا ہے، دنیا کے جن ممالک نے ترقی کی ہے وہ برآمدات پر مبنی معیشت کے ذریعے ہی ممکن ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر ہمارے پاس دنیا کو کچھ دینے کو نہیں تو کچھ لینا بھی نہیں بنتا، اب چادر دیکھ کر ہی پاؤں پھیلانا ہوں گے اس لیے ملک میں لگژری گاڑیوں کی درآمد پر پابندی کو ستمبر تک نہیں ہٹائیں گے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے خطاب میں کہا کہ ڈالر کی قیمت میں کمی میں، میں نے یا اسٹیٹ بینک نے کوئی مداخلت نہیں کی، ڈالر میری مداخلت کے بعد کم نہیں ہوا بلکہ سپلائی اور ڈیمانڈ کے وجہ سے کم ہوا ہے۔ مفتاح اسمٰعیل نے کہا کہ ایل سیز کی کوئی ادائیگی نہیں روکی، نہ کبھی روکیں گے اور صرف 3 دن میں امپورٹرز کیلئے ایل سی کھل جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم نے بجلی کی پیداوار دگنی کی تب بھی پاکستان میں انڈسٹریل پیداوار اور برآمدات دگنی نہیں ہوئیں، 2011 میں پاکستان میں پونے 25 ارب ڈالر کی برآمدات تھیں اور آج 2022 میں ہم 31 ارب ڈالر تک پہنچ سکے ہیں۔ مفتاح اسمٰعیل نے کہا کہ اب دنیا سے قرض لینے میں مشکل بھی ہوتی ہے اور شرم بھی آتی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ 5 اگست کو متحدہ عرب امارات نے اعلان کیا ہے کہ وہ پاکستان میں ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کریں گے جس سے ہمیں بہت فائدہ ملے گا، وہ ہمارا دوست ملک ہے اس لیے ہماری مدد کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کا 1996 میں ہمیں دیا گیا 45 کروڑ ڈالر کا قرضہ ہم آج تک واپس نہیں کرسکے جبکہ اتنے پیسوں کی ہم سبسڈیاں دیتے رہے ہیں، کبھی کبھی اس سے زیادہ مالیت کی گاڑیاں ہم درآمد کرلیتے ہیں، پھر اس کے بعد کسی سے ادھار لینے جاتے وقت شرم آتی ہے مفتاح اسمٰعیل نے کہا کہ گزشتہ سال ہم نے 80 ارب ڈالر کی درآمدات کیں جبکہ 31 ارب ڈالر کی برآمدات کی ہیں، کاش یہ تناسب اگر الٹ ہوجاتا تو آج مجھے کسی ملک میں جانے کی ضرورت نہ پڑتی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ساڑھے 17 ارب ڈالر ہے جبکہ تجارتی خسارہ ترسیلات زر کو گھٹانے کے بعد 18 ارب ڈالر ہے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ اگر آپ اتنا بڑا خسارہ پیدا کرتے ہیں تو روپے پر دباؤ پڑے گا، تاجر برادری کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ کو 2 سے 3 ماہ مزید تکلیف رہے گی، میں اس تکلیف کو دور نہیں کرسکتا بس آپ سے معذرت ہی کرسکتا ہوں۔ مفتاح اسمٰعیل نے کہا کہ ہم نے 3 مہینے تک بجلی کی قیمتیں نہیں بڑھائیں تھیں کیونکہ بہت عرصے سے بجلی کی قیمتیں نہیں بڑھی تھیں اس لیے قیمتوں میں حالیہ اضافہ لوگوں کے لیے دھچکے کا باعث ہے، تاہم ہمیں یقین ہے کہ 3 ماہ بعد جلی سستی ہوجائے گی، یہ ہمیں پہلے سے ہی معلوم ہے کہ 3 ماہ بعد کمرشل بنیادوں پر اس کی قیمتوں میں کمی آجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک ایکسپورٹ پر کام کررہا ہے، ایک بار پھر کہتا ہو کہ تین ماہ کی تکلیف ہوگی، تین ماہ پاکستان میں امپورٹ کرنا روکنا ہے، یہ سمجھنے کے لیے معاشی امور کا ماہر ہونے کی بجائے میمن بننا پڑے گا۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ہم نے سی پی یو کاروں، موبائل فونز اور گھریلو آلات پر پابندی لگادی ہے جسے ہم ستمبر تک نہیں ہٹائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 84 اور 85 سے شروع ہونے والے ایچ ایس کوڈز کے ساتھ آنے والی اشیا کی درآمد پر پابندیاں معقول ہیں، تاہم حکام برآمد کنندگان کی جانب سے مصنوعات کی تیاری کے لیے استعمال ہونے والی اشیا کی نشاندہی پر کام کررہے ہیں اور ان کی مطلوبہ درآمد کو روکا نہیں جائے گا۔ انہوں نے ایکسچینج کمپنیوں پر پابندی کا مطالبہ غلط قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایکسچینج کمپنیوں کے بغیر پاکستان چلانا بہت مشکل ہوجائے گا، ایکسچینج کمپنیز ہی کی وجہ سے روز ڈالر کی آمد ہوتی ہے جو اسٹیٹ بینک کو روز ڈیکلیئر کیا جاتا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس میں حکومت اور کاروباری طبقے کو مدمقابل سمجھا جائے تاہم درآمدات کو کم کرنا ایک ضرورت تھی۔ انہوں نے کہا کہا مجھے 3 مہینے دیں، اس کوشش میں ہم سب ایک ساتھ ہیں، مجھے اس ملک کو مسائل سے نجات دلانے کا موقع دیں، پاکستان دوبارہ درآمدات شروع کردے گا۔

# یو بی جی: فیڈریشن کے صدر کیلئے عاطف اکرام اور عارف جیوا سینئر نائب صدر نامزد

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے سالانہ انتخابات کیلئے یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) نے اسلام آباد سے تجربہ کار تاجر رہنما عاطف اکرام کو صدارتی امیدوار اور کراچی سے عارف جیوا کو بطور سینئر نائب صدر امیدوار نامزد کردیا ہے۔ جمعہ 5 اگست کو یہاں چیئرمین یو بی جی شہزاد علی ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے سرکردہ تاجر رہنماوں پر مشتمل 20 رکنی کور کمیٹی کا میراتھن اجلاس منعقد ہوا، جس میں صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدور بشمول خواتین کی تمام نشستوں کے لیے امیدواروں کی نامزدگی پر غور کیا گیا۔ نامزدگی سے قبل امیدواروں کے ناموں پر تمام رہنماوں کی رائے لی گئی اور انتخابی عمل کے پہلے مرحلے میں صدر اور سینئر نائب صدر کے عہدوں کے لیے عاطف اکرام اور عارف جیوا کا انتخاب جمہوری انداز میں اتفاق رائے سے عمل میں لایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یو بی جی کی صوبائی سطح کی سکروٹنی کمیٹیوں نے صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدور کے عہدوں کے لیے الیکشن لڑنے والے بہترین امیدواروں کو ٹکٹ دینے کے لیے اپنی سفارشات کور کمیٹی کو پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ نائب صدور کی نشستوں کے ممکنہ امیدواروں کے ناموں کا اعلان مزید غور وخوض اور صوبائی اور مقامی رہنماوں سے مشاورت کے بعد جلد ہی کیا جائے گا جن میں خاتون نائب صدر بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سے 3 امیدواروں کو نامزد کیا جائے گا جبکہ لاہور سے ایک امیدوار لیا جائے گا۔ شہزاد علی ملک نے کہا کہ تاجر برادری کی خدمت کے جذبے سے سرشار اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان امیدواروں کو بغیر کسی پسند و ناپسند کے، صرف میرٹ پر ٹکٹ دیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ روٹیشن پالیسی کے تحت صدر کا تعلق وفاقی علاقے سے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یو بی جی کی 12 رکنی کمیٹی 20 اگست کو کراچی کا دورہ کرے گی تاکہ نائب صدور کے لیے تین امیدواروں کے حتمی انتخاب کے لیے مقامی قیادت سے مزید مشاورت کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ یو بی جی فیڈریشن کے الیکشن میں کلین سویپ کرے گا کیونکہ کاروبار دوست پالیسیوں، جمہوریت کی بالادستی اور کاروباری برادری کے وسیع تر مفاد میں اتفاق رائے سے تمام اہم فیصلے لینے کی وجہ سے یو بی جی کو 85 فیصد بزنس کمیونٹی کی حمایت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم قانون کی حکمرانی، جمہوری نظام کے فروغ اور تاجروں کے مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے قومی معیشت کی مضبوطی پر پختہ یقین رکھتے ہیں۔ شہزاد ملک نے کہا کہ یو بی جی تاجروں اور حکومت کے درمیان ایک پل کا کام کرے گا اور تاجر برادری کے مفادات کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ قومی مفاد کے تحفظ کے لیے تمام تر کوششیں ہماری اولین ترجیح ہوں گی۔

## عنبرین افتخار ڈی جی انسداد بے نامی اقدامات مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر میں ان لینڈ ریونیو سروس کی گریڈ 21 کی افسر مس عنبرین افتخار نے انسداد بے نامی اقدامات میں بطور ڈی جی اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے، گریڈ 20 کی افسران مس شبانہ ممتاز بطور چیف آئی ٹی پی ان لینڈ ریونیو پالیسی ونگ ہیڈکوارٹر کا عہدہ سنبھال لیا ہے جبکہ محمد اعجاز خان نے بطور کمشنر آر ٹی او ون کراچی میں اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا، محمد تقی قریشی نے بطور کمشنر آر ٹی او زون ٹو لاہور میں اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے، گریڈ 19 کی افسر عظمیٰ وقار نے ڈائریکٹوریٹ آف ڈی این ایف بی پیز لاہور میں ایڈیشنل ڈائریکٹر کے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے، مس بشریٰ جعفر نے ہیڈکوارٹر میں بطور سیکریٹری ایڈمن پول اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیٹ بینک بندرگاہوں پر پھنسے کنٹینرز چھوڑنے پر رضامند ہوگیا، کراچی چیمبر

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد ادریس نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے 5 جولائی 2022 تک بندرگاہوں پر پہنچنے والے وہ تمام کنٹینرز کو چھوڑنے پر رضامندی ظاہر کی ہے جو اسٹیٹ بینک کی منظوری کے انتظار میں پھنسے رہے۔ ایک بیان میں کراچی چیمبر کے صدر نے ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عنایت حسین کی جانب سے موصول ہونے والے پیغام کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ تمام کیسز جن میں بل آف لیڈنگ 5 جولائی 2022 کو اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے اجراء سے پہلے کا ہے جو کراچی چیمبر نے جمع کرائے ہیں اگلے 2 سے 3 دنوں میں انہیں ریلیز کر دیا جائے گا جبکہ اسی طرح کی پھنسے ہوئے مزید کنسائنمنٹ کی کلیرنس کے لیے کوئی دوسری زیر التوا درخواست بھی بروقت ریلیز کے لیے اسٹیٹ بینک کو بھیجی جا سکتی ہے۔ محمد ادریس نے کہا کہ کراچی چیمبر کی قیادت بالخصوص چیئرمین بزنس مین گروپ زبیر موتی والا کی انتھک کوششوں کی بدولت جو مسلسل وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل سے رابطے میں رہے اور انہیں اس معاملے کو حل کرنے پر راضی کرتے رہے، بالآخر پریشان درآمدکنندگان کو ریلیف فراہم مل گیا ہے جس کا تاجر برادری گرمجوشی سے خیر مقدم کرتی ہے۔ انہوں نے وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے کے سی سی آئی کی جانب سے اٹھائے جانے والے تمام مسائل میں گہری دلچسپی لی اور انہیں اولین ترجیح پر حل کرنے کے لیے فوری ہدایات جاری کیں جس سے پوری کاروباری اور صنعتی برادری کا اعتماد بحال کرنے میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پھنسے ہوئے کنٹینرز کو چھوڑنے کا مخصوص قدم اور کچھ دیگر کاروبار نواز اقدامات اور معیشت کو درپیش اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے حکومت کی سنجیدگی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ صنعت کے پہیے بغیر کسی رکاوٹ کے گھومتے رہیں۔

# وزیراعلیٰ پنجاب سے صدر فیڈریشن انجم نثار اور تاجروں کی ملاقات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے فیڈریشن آف چیمبرز آف کامرس (ایف پی سی سی آئی) کے وفد نے ملاقات کی۔ آر سی سی آئی ترجمان نے بتایا کہ وفد میں راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے گروپ لیڈر و سابق صدر سہیل الطاف سمیت فیڈریشن کے صدر عرفان اقبال شیخ اور دیگر عہدیداران سمیت بزنس کمیونٹی کے نمائندے بھی شامل تھے، سہیل الطاف نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ میں نے تجویز پیش کی کہ ایل ڈی اے، ایم ڈے اے، ایف ڈی اے اور آر ڈی اے سمیت تمام ڈویلپمنٹ اتھارٹیز کے بورڈ میں چیمبر آف کامرس اور تاجر برادری کو نمائندگی دی جائے تا کہ ترقیاتی منصوبوں اور کاروباری سرگرمیوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا جاسکے، وزیراعلیٰ نے تجویز کو نوٹ کیا اور فوری طور پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری کو ہدایات بھی جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی تجویز دی گئی کہ پنجاب بھر میں خاص طور پر راولپنڈی میں انڈسٹریل اور اکنامک زونز قائم کیے جائیں تا کہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔ پنجاب ہاؤس راولپنڈی کو آئی ٹی پارک میں تبدیل کرنے کی تجویز کو بھی نوٹ کیا گیا۔


**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ’’پیپر بزنس‘‘ میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔




فنانس ایکٹ 2022 میں متعارف کرائے گئے فکسڈ ریٹیلرز ٹیکس کے خلاف چھوٹے ریٹیلرز کے احتجاج کے حوالے سے چیئرمین، بزنس مین گروپ (بی ایم جی) زبیر موتی والا اور صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) محمد ادریس نے تاجر تنظیموں کا اجلاس منعقد کیا اور وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل اور چیئرمین ایف بی آر سے زوم ٹو وائس پر بات چیت کی اور انہیں چھوٹے خوردہ فروشوں کے خدشات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں چیئرمین اسمال ٹریڈرز سب کمیٹی عبدالمجید میمن اور سابق چیئرمین اپیما اے کیو خلیل بھی موجود ہیں۔


**CARBONLESS**
WHITE & COLOUR
*24 X 34   23 X 36*

**CB + CFB + CF CARD**

**Colour Cards**

**COPY PAPER A4**

**CHAND TRADERS**

**Karachi Office: 1-AL Mohsin Building, Tayyabji Road, Karachi. 74200.**
**Tel: 32627311 - 32627411**

**Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers, Ganpat Road, Lahore. 54000**
**Tel:37232889 - 37248501**
**Fax: 37227826**
**E-mail: chandtraders92@gmail.com**





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاغذ کی قیمتوں میں اضافے کے باعث درسی کاپی اور کتابوں کی قیمتوں میں دوگنا اضافہ

کراچی (نیوز ڈیسک) درسی کتب، کاپی، اسٹیشنری کی قیمتیں بھی آسمان پر پہنچ گئیں، قلیل آمدن و تنخواہ دار طبقے کے لئے اپنے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی بھی خواب بن گئی، پچھلے برس 6 سے 7 ہزار روپے میں ملنے والا سالانہ کورس اب 10 سے 12 ہزار روپے تک کا مل رہا ہے، آمدن کم، اخراجات زیادہ ہیں، بچوں کو بہتر خوراک و غذا کی فراہمی یقینی بنائیں یا تمام رقم تعلیمی اخراجات پر خرچ کریں؟ والدین کی اکثریت تذبذب و گومگو کی کیفیت کا شکار ہے۔ عالمگیر وبا کورونا وائرس کے بعد عالمی کساد بازاری کے باعث دیگر ممالک کی طرح پاکستان میں بھی مہنگائی و بیروزگاری کا عفریت عوام کا خون چوس رہا ہے، کھانے و پینے کی اشیاء سمیت روز مرہ استعمال میں آنیوالی تمام چیزوں کے نرخ آسمان سے باتیں کرر ہے ہیں، لوگوں نے غیر ضروری اشیاء کا استعمال بالکل ترک کردیا ہے اور ضرورت کی چیزیں بھی محدود پیمانے پر خرید رہے ہیں۔ نئے تعلیمی سال کے آغاز پر درسی کتب، کاپیوں اور اسٹیشنری کی خریداری کیلئے بازاروں کا رخ کرنے والے والدین کو جہاں روزمرہ اشیائے ضروریہ کے حصول میں ہوشربا مہنگائی کا سامنا ہے وہاں غریب، متوسط، دیہاڑی، اجرت اور تنخواہ دار شخص کا اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کا خواب پورا ہوتا دکھائی نہیں دے رہا۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد اپنے بچوں کو تاحال نیا کورس نہیں دلاسکی ہے، کیونکہ کتاب، کاپی، اسٹیشنری کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہونے کی وجہ سے لوگ پہلے ہی ذہنی اذیت سے دوچار ہیں اور اب نئے کورس کی خریداری پر 10 سے 12 ہزار روپے کی رقم خرچ کرنا بہت سے لوگوں کی استطاعت سے باہر ہے۔ اردو بازار و دیگر علاقوں میں واقع دکانداروں اور بچوں کے لئے کتب و کاپی کی خریداری کرنیوالے والدین میں قیمتوں کے حوالے سے نوک جھونک، تلخ کلامی دیکھنے میں آرہی ہے، والدین کا کہنا ہے کہ کتاب اور کاپی کی خریداری بھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جارہی ہے، کیا ہم اپنے بچوں کو معیاری تعلیم بھی نہیں دلاسکیں گے، چھوٹی کلاسز کے طالبعلموں کا کورس پچھلے برس 6 سے 7 ہزار روپے میں آگیا تھا اب وہی کورس 10 سے 12 ہزار روپے میں مل رہا ہے، نئی کلاسیں شروع ہوگئی ہیں، بچے نئی کتابوں و کاپیوں کی ضد کرر ہے ہیں، کہاں سے اتنی رقم لائیں کہ بچوں کو اچھی خوراک اور معیاری تعلیم دونوں بیک وقت فراہم کرسکیں۔

# کرنسی کمپنیوں کیخلاف اسٹیٹ بینک کا کریک ڈاؤن، 2 کمپنیوں کی 4 شاخوں کا آپریشن معطل

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ڈالر کی قیمت کو کنٹرول کرنے کے لئے ایکسچینج کمپنیوں اور بینکوں کے فارن ایکسچینج آپریشنز کی نگرانی سخت کرتے ہوئے کرنسی کمپنیوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا ہے اور 2 کمپنیوں کی 4 شاخوں کے آپریشنز معطل کردیئے۔ بدھ 3 اگست 2022 کو جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایکسچینج ریٹ میں حالیہ اتار چڑھاؤ نیز بین البینک شرح اور ایکسچینج کمپنیوں و بینکوں کی جانب سے صارفین کو پیش کردہ شرح میں فرق کے پیش نظر اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایکسچینج کمپنیوں اور بینکوں کی سخت نگرانی شروع کردی ہے۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک نے پیریکم اگست سے متعدد ایکسچینج کمپنیوں اور بینکوں کے معائنے شروع کردیئے، بدھ 3 اگست کو اسٹیٹ بینک نے ایس بی پی ضوابط کی خلاف ورزی پر دو ایکسچینج کمپنیوں (گیلکسی ایکسچینج کمپنی اور الحمید انٹرنیشنل ایکسچینج کمپنی) کی چار برانچوں کے آپریشنز معطل کردیے۔ اسٹیٹ بینک نے کچھ عرصہ قبل بعض ایکسچینج کمپنیوں پر جرمانے بھی عائد کیے تھے۔ علاوہ ازیں اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی خلاف ورزی پر کچھ عرصہ قبل مختلف ایکسچینج کمپنیوں کے 13 فرنچائزز کے انتظامات ختم کردیے گئے تھے۔

# سابق چیئرمین پاپگائی باسط زیدی کی IPMEX ملائیشیا 2022 میں شرکت










سابق چیئرمین، پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) باسط ایم اے زیدی نے کوالالمپور، ملائیشیا میں 4 سے 7 اگست 2022 تک منعقد ہونے والی IPMEX 2022 نمائش میں شرکت کی۔ یہ نمائش پرنٹنگ، پیپر اور پیکیجنگ مشینوں کی ایک بین الاقوامی تجارتی نمائش ہے۔ اس سے قبل اگست 2017 میں اس نمائش میں تقریباً 20 ممالک کے 197 ایگزیبیٹرز نے حصہ لیا تھا اور شرکاء کی تعداد تقریباً 16047 تھی۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر، آفسیٹ آئی کے، درآمدی بلیچ بورڈ، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

## مقامی ڈپلیکس بورڈ اور بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ، سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی اور تیزی دیکھی گئی اور 17 اگست 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، بریف کارڈ، نیویا آرٹ پیپرمیٹ / گلوس چائنا، گرافک بورڈ ساوی برائٹ، آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا، اسٹیکر پیپر ویریٹیک، یونگی، ایکنا، پاورٹیک، وائی ایم سی، نیکسز پرو اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ، اسپارک، لاثانی، ونر نیچرل بیک، ونر براؤن بیک، ٹاپ رائیڈر، میگا ٹاپ، کلاسک، انرجی اور شاہین، مقامی بلیچ بورڈ وائٹ اور کوٹڈ بلیچ بورڈ (بلھے شاہ)، آرٹ پیپر او جے آئی، ایل ڈبلیوسی اور آفسیٹ پیپر کنماری کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 430 روپے سے کم ہو کر 405 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 430 روپے سے کم ہو کر 420 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 390 روپے سے کم ہو کر 375 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپرمیٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 390 روپے سے کم ہو کر 375 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیوسی جاپان تمام سائز 60 گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 23x36 سائز اور 25x36 سائز، 290 گرام، 400 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ تمام سائز 230۔300 گرام، 165 روپے سے بڑھ کر 175 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ اسپارک تمام سائز تمام گرام، 145 روپے سے بڑھ کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 154 روپے سے بڑھ کر 164 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر نیچرل بیک تمام سائز 250۔300 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 154 روپے، تمام سائز 350 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 154 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 154 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 250 تا 350 گرام، 173 روپے سے بڑھ کر 190 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 138 روپے سے بڑھ کر 140 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 تا 300 گرام، 185 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنرجی مل تمام سائز 250 گرام، 213 روپے سے بڑھ کر 226 روپے، تمام سائز 290 گرام، 208 روپے سے بڑھ کر 224 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250 اور 300 گرام اور تمام سائز 350 گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 142 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 380 روپے سے کم ہو کر 372 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 380 روپے سے کم ہو کر 370 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 375 روپے سے کم ہو کر 367 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی بلیچ بورڈ (بلھے شاہ پیکیجنگ ملز)، وائٹ بلیچ بورڈ کی 192۔185 گرام کی ریل 369 روپے سے بڑھ کر 385 روپے اور شیٹس 375 روپے سے بڑھ کر 381 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ کوٹڈ بلیچ بورڈ کی 208 گرام شیٹس 391 روپے سے کم ہو کر 375 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ 240۔270 گرام کی ریل 377 روپے سے بڑھ کر 381 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 430 روپے سے کم ہو کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 420 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا تمام سائز 70، 80 اور 100 گرام، 410 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر جاپان کنماری، 23x36 سائز، 70 گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 425 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1070 روپے سے کم ہو کر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1140 روپے سے کم ہو کر 1120 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی ایل سی 70 گرام، 1070 روپے سے کم ہو کر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی ایل سی 80 گرام، 1190 روپے سے کم ہو کر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1080 روپے سے کم ہو کر 1030 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1220 روپے سے بڑھ کر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔70 گرام، 1320 روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2100 روپے سے بڑھ کر 2200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1060 روپے سے کم ہو کر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1130 روپے سے کم ہو کر 1125 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1240 روپے سے کم ہو کر 1225 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1050 روپے سے کم ہو کر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 4300 روپے سے کم ہو کر 4200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 3000 روپے سے کم ہو کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 3900 روپے سے کم ہو کر 3700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3100 روپے سے کم ہو کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2950 روپے سے کم ہو کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 3050 روپے سے کم ہو کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

### آئندہ دو سے تین ماہ میں ڈالر کی قیمت کم ہوجائے گی، گورنر اسٹیٹ بینک

